روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FR-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

بدھ یکم فروری 2012ء 8ربیع الاول 1433 ہجری یکم تبلیغ 1391ہش جلد 62-97 نمبر 27

اولین فرائض

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔ اللہ تعالیٰ نے میری امت پر جو سب سے پہلی چیز فرض کی وہ پانچ نمازیں ہیں اور میری امت کے اعمال میں سے جو چیز سب سے پہلے اٹھالی جائے گی وہ بھی پانچ نمازیں ہی ہیں۔

(فردوس الاخبار جلد اول صفحہ 47حدیث نمبر 7)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خداتعالیٰ کی دوستی

دنیا میں کوئی کسی کے ساتھ دوستی پکی کرتا ہے تو دنیا کے لوگ اپنی دوستی کا حق ادا کرتے ہیں۔ وہ کون دوست ہے جس کے ساتھ سلوک کیا جاوے تو وہ بے تعلقی ظاہر کرے۔ ایک چور کے ساتھ ہمارا سچا تعلق ہو تو وہ بھی ہمارے گھر میں نقب زنی نہیں کرتا، تو کیا خداتعالیٰ کی وفا چور کے برابر بھی نہیں۔ خداتعالیٰ کی دوستی تو وہ ہے کہ دنیاداروں میں اس کی کوئی نظیر ہی نہیں۔ دنیاداروں کی دوستی میں تو غدر بھی ہے۔ تھوڑی سی رنجش کے ساتھ دنیادار دوستی توڑنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ مگر خداتعالیٰ کے تعلقات پکے ہیں۔ جو شخص خداتعالیٰ کے ساتھ دوستی کرتا ہے خداتعالیٰ اس پر برکات نازل کرتا ہے۔ اس کے گھر میں برکت دیتا ہے۔ اس کے کپڑوں میں برکت دیتا ہے۔ اس کے پس خوردہ میں برکت دیتا ہے۔

بخاری میں ہے کہ نوافل کے ذریعہ سے انسان خداتعالیٰ سے تعلق پیدا کرتا ہے۔ نوافل ہر شئے میں ہوتے ہیں۔ فرض سے بڑھ کر جو کچھ کیا جائے وہ سب نوافل میں داخل ہے۔ جب انسان نوافل میں ترقی کرتا ہے تو خداتعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اس کی آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے۔ اور اس کی زبان ہو جاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے۔ خداتعالیٰ فرماتا ہے کہ جو شخص میرے ولی سے مقابلہ کرتا ہے وہ میرے ساتھ لڑائی کے لئے تیار ہو جائے۔ خداتعالیٰ کے ساتھ سچی محبت کرنے والے بھی غنی، بے نیاز ہو جاتے ہیں۔ لوگوں کی تکذیب کی کچھ پروا نہیں رکھتے۔ جو لوگ خلقت کی پروا کرتے ہیں وہ خلق کو معبود بناتے ہیں۔ خداتعالیٰ کے بندوں میں ہمدردی بہت ہوتی ہے۔ مگر ساتھ ہی ایک بے نیازی کی صفت بھی لگی ہوئی ہے۔ وہ دنیا کی پروا نہیں کرتے۔ آگے خداتعالیٰ کا فضل ہوتا ہے کہ دنیا کھچی ہوئی ان کی طرف چلی آتی ہے۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 506)

مکرم صاحبزادہ داؤد احمد صاحب سرائے نورنگ ضلع بنوں راہ مولیٰ میں قربان ہو گئے

مورخہ 23 جنوری 2012ء کو صبح 9:45 بجے سرائے نورنگ ضلع بنوں میں مکرم صاحبزادہ داؤد احمد صاحب ابن مکرم محمد شفیع صاحب عمر 55 سال کو نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے شہید کر دیا۔ مرحوم صبح کسی کام کی غرض سے بازار کیلئے نکلے تھے کہ سرائے نورنگ بازار میں دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار آئے اور آپ پر فائرنگ کر کے شہید کر دیا اور فرار ہو گئے۔ مرحوم کی کسی سے کوئی دشمنی یا تنازع نہ تھا۔ واپڈا سے ریٹائر ہوئے تھے۔ مکرم صاحبزادہ داؤد احمد صاحب کا تعلق ننھیال اور ددھیال دونوں کی طرف سے حضرت صاحبزادہ عبداللطیف صاحب کابل کے ساتھ ہے۔ مرحوم کی والدہ محترمہ صاحبزادہ عبدالسلام صاحب کی بیٹی تھیں جو حضرت صاحبزادہ عبداللطیف صاحب کے بیٹے تھے۔

اسی روز بعد نماز ظہر سرائے نورنگ میں ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی اور وہیں مقامی قبرستان میں تدفین عمل میں آئی۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 27 جنوری 2012ء کے خطبہ جمعہ میں آپ کا ذکر خیر فرمایا اور بعد نماز جمعہ نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

مکرم صاحبزادہ داؤد احمد صاحب کا خاندان حضرت صاحبزادہ عبداللطیف صاحب کی وفات کے بعد افغانستان سے شفٹ ہو کر سرائے نورنگ میں آباد ہو گیا تھا اور آپ کی پیدائش بھی 1955-56ء میں سرائے نورنگ میں ہی ہوئی۔ آپ نے ابتدائی تعلیم سرائے نورنگ سے حاصل کی اور گورنمنٹ ہائی سکول سرائے نورنگ سے

باقی صفحہ 12 پر

مشعل راہ

صاحب الجنب، مسافر اور غلام کے حقوق

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ فرمودہ 23/جنوری 2004ء کے آغاز میں سورۃ النساء کی آیت 37 تلاوت کے بعد فرمایا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں کہ: اس میں تمہارے ساتھ ایک سیٹ پر بیٹھنے والے بھی ہیں۔ اب دیکھیں دائرہ کتنا وسیع ہو رہا ہے۔ صرف ہم مذہب نہیں، صرف تمہارے ساتھی ہی نہیں بلکہ سکول میں، کالج میں، یونیورسٹی میں ساتھ بیٹھنے والے بھی تمہارے حسن سلوک کے مستحق ہیں، ان کا بھی خیال رکھو، ان سے بھی حسن سلوک کرو۔ ان سے بھی اچھے اخلاق سے پیش آؤ۔

پھر بازاروں میں دوکاندار ہیں، ایک دوسرے کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئیں، ان سے بھی اخلاق سے پیش آئیں۔ پھر دفتروں میں کام کرنے والے ہیں، افسران ہیں، ماتحت ہیں۔ تو حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں کہ صرف کام کرنے والے افسران یا ماتحت نہیں بلکہ جس محکمے میں آپ کام کرتے ہیں اس محکمہ میں کام کرنے والا ہر شخص تمہارے ہم جلیسوں میں شمار ہوتا ہے اور تمہارے حسن سلوک کا مستحق ہے۔ پھر سفر کے دوران، بس میں بیٹھے ہوئے، ٹرین میں بیٹھے ہوئے جو لوگ ہیں یہ بھی اسی زمرے میں آتے ہیں ان سے بھی حسن سلوک کرو۔ بعض دفعہ بعض مسافروں کو نیند آجاتی ہے، کئی دفعہ میں نے دیکھا ہے کہ اس طرح، تو بے چارے کا سر اگر کسی کے کندھے سے یا سر سے ٹکرا جائے تو دوسرے مسافر کو غصہ چڑھ جاتا ہے کہ اپنے آپ کو سنبھال کر بیٹھو۔ تو یہ چیزیں چھوٹی چھوٹی ہیں چونکہ آپ کے ہمسائے میں ان کا شمار ہو رہا ہے، ساتھ بیٹھنے والوں میں شمار ہو رہا ہے اس لئے ان سے بھی حسن سلوک کرنا چاہئے۔

پھر ایک تو مسافر ہے کہ مسافر سے حسن سلوک کرے۔ اس کے علاوہ بعض سفر میں دقتیں پیش آرہی ہوتی ہیں۔ گاڑی خراب ہوگئی، بس خراب ہوگئی، کار خراب ہوگئی، کسی جگہ آ گئے اور آپ کی مدد کی ضرورت پڑی تو ان کی مدد کرنی چاہئے، ان کی رہنمائی کرنی چاہئے، تو جب تک ان کی پریشانی دور نہ ہو جائے، ان کا ساتھ دینا چاہئے، یہ سب حسن سلوک کے مستحق ہیں۔

پھر فرمایا ان سے بھی حسن سلوک کرو جن کے تم مالک ہو۔ اس زمانے میں تو خیر غلام کا تصور نہیں، پرانے زمانے میں غلام ہوتے تھے۔ لیکن تمہارے جو ملازمین ہیں ان کی ضروریات کا بھی خیال رکھو، ان کو اگر تمہاری مدد کی ضرورت ہے تو ان کی ضرورت پوری کرنے کی کوشش کرو۔ غمی خوشی میں ان کی ضرورتوں کا خیال رکھو۔ ان کے بچوں کو اگر مالی تنگی کی وجہ سے پڑھنے میں دقت ہے تو ان کی مدد کرو، ان کو پڑھاؤ۔ اگر کوئی لائق نکل آئے اور پڑھ لکھ کر قابل آدمی بن جائے تو تمہارے لئے ویسے بھی مستقل ثواب کا باعث بن جائے گا۔ تو یہ ہے (۔) کی وہ حسین تعلیم کہ حسن سلوک سے تم ایک حسین معاشرہ قائم کر سکتے ہو۔ اور بھی بہت ساری باتیں ہیں، قیدیوں سے بھی حسن سلوک کا ذکر ہے مریضوں سے بھی وغیرہ وغیرہ۔ تو اگر ہر ایک اپنے اپنے دائرے میں دوسرے سے حسن سلوک کرنے والا بن جائے تو دنیا کے فساد تو خود بخود ختم ہو جائیں گے اور پھر وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے والے بھی ہوں گے تو پھر تو یہ سونے پر سہاگے والی بات ہوگی اور آج اس تفصیل سے یہ حسن سلوک سوائے احمدی کے اور کوئی نہیں کر سکتا۔ یہ بہت بڑی ذمہ داری ہے جو ہم نے ادا کرنی ہے اس لئے اس طرف ہمیں بہت زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

(روزنامہ الفضل 19 نومبر 2004ء)

درگزر کردے

اے خدا مجھ کو معتبر کر دے
زندگی میری باثمر کر دے

نور ہی نور ہے سراپا تو
میری ظلمات کی سحر کر دے

میں تو لائق نہیں عنایت کا
التجا ہے کہ تو مگر کر دے

تو جو چاہے تو ایک ذرّے کو
باعثِ رشکِ صد قمر کر دے

جاں بہ لب ہے فقیرِ دَر تیرا
کوئی جا کر اُسے خبر کر دے

دل کے مالک پکار سن دل کی
میری فریاد میں اثر کر دے

تیرے دَر کے سوا نجات کہاں
مجھ پہ رحمت کی اک نظر کر دے

تو نہ بخشے تو کون بخشے گا
صد کریما! تو درگزر کر دے

عطاء المجیب راشد

انکساری

خاکساری میں ہے ساری برکتیں
کبر تو کرتا ہے انساں کو ذلیل
انکساری سے ہیں ملتے مرتبے
انکساری ہے ترقی کی سبیل

خواجہ عبدالمومن

مکرم زکریا ورک صاحب

اسلامی ہندوستان میں سائنس کا فروغ

(قسط اول)

ہندوستان اور اسلامی دنیا کے مابین سائنسی تعاون بغداد کی خلافت عباسیہ کے دور میں شروع ہوا تھا جب ریاضی، ہیئت اور طب پر متعدد کتابیں سنسکرت سے عربی میں ترجمہ کی گئی تھیں۔ اس کے بعد ہندوستان کے عہد قدیم کا علم مسلمان سائنسدانوں کو گہرے رنگ میں متاثر کرتا رہا تھا۔ جس رنگ میں مسلمانوں نے یونانی علوم میں وافر دلچسپی کا اظہار کیا تھا اسی طرح انہوں نے ہندوستانی علوم کی تحصیل میں کیا تھا۔

سندھ کا علاقہ جب عباسی خلیفہ المنصور (عرصہ حکومت 774-753ء) کے زیر حکمراں تھا، تو 771ء کے سال اس کے دربار میں ہندوستان سے ایک سیاسی وفد آیا۔ ان میں سے ایک عالم کو سدھانتا میں مہارت حاصل تھی۔ ستاروں کی کیلکولس کے علاوہ اس عالم کو گرہنوں اور ہیئت کے دیگر مسائل پر بھی کافی علم حاصل تھا۔ ایسے تمام علوم کتاب براہما سدھانتا میں درج تھے جو وہ اپنے ساتھ لایا تھا۔ خلیفہ نے حکم دیا کہ اس کتاب کا عربی میں ترجمہ کیا جائے، نیز ایک اور کتاب تیار کی جائے جس کے ذریعہ سیاروں کی حرکات کے علم کی بنیاد رکھی جاسکے۔ یہ ترجمہ ابراہیم الفزاری (المتوفی 770) اور یعقوب ابن طارق (المتوفی 796) نے ہندو سکالرز کے باہم تعاون سے کیا، اور نئی کتاب کا نام الزیج علی سِنِی العرب یا سندھ ہند الکبیر رکھا گیا۔ سدھانتا کے اس ترجمہ سے یورپ میں عربی اعداد بغداد سے پہنچے تھے۔ ہندو سکالرز کی مدد سے الفزاری نے برہما گپتا کی دوسری کتاب کھنڈا کھڈ یاکا بھی عربی میں منتقل کی جس کا عربی نام زیج ارکندر رکھا گیا تھا۔ دونوں کتابوں سے اکتساب جی کھول کر کیا گیا اور دونوں کتابوں نے اسلامی علم ہیئت پر عمیق اثر چھوڑا تھا۔ ان کتابوں کے ذریعہ مسلمان ہندوؤں کے علم ہیئت سے واقف ہوئے تھے، بلکہ یہ کہنا مناسب ہوگا کہ سکندریہ کے سائنسدان بطلیموس سے بہت پہلے مسلمانوں نے براہما گپتا سے ہیئت کا علم سیکھا تھا۔ حساب، ریاضی، علم الادویہ، ملٹری سائنس، ویٹنری سائنس، اسٹرانومی، اسٹرالوجی، دست شناسی، جنسیات شطرنج، مسلمانوں نے ہندوؤں سے سیکھے تھے۔

ریاضی اور ہیئت پر یونانی اور سنسکرت کی کتابوں کو بنیاد بنا کر مسلمان سائنسدانوں نے نئے سائنسی علوم کی داغ بیل ڈالی تھی۔ اسلامی سائنسی علوم کو ہندوؤں کے علم ریاضی نے گہرے طور پر متاثر کیا تھا۔ مغربی دنیا میں جس چیز کو عربی اعداد کہا جاتا ہے، دراصل وہ ہندی اعداد تھے۔ عربی میں نمبر کیلئے ہندسہ کا لفظ استعمال ہوتا، جس کے معنی ہندوستان کے ہیں۔ اعداد لکھنے کا یہ طریقہ، بشمول زیرو کو لکھنے کا طریقہ ریاضی دانوں کیلئے بہت جلا بخش تھا۔ مسلمان سائنسدانوں نے عراق میں خاص طور پر موسیٰ الخوارزمی نے ان نئے اعداد کی مدد سے 830ء کے لگ بھگ الجبرا کو شروع کیا تھا۔ انگلش کا لفظ الگورتھم، الخوارزمی کے نام سے مشتق ہے۔ اخلاقیات پر چانکیہ (شانق) کی کتاب اور جادو، نیز منطق پر کتابوں کے تراجم بھی کئے گئے جیسا کہ ابن ندیم کی کتاب الفہرست میں درج ہے۔ ابن المقفیٰ نے پانچا تانترا کتاب کا ترجمہ کلیلہ ودمنہ کے نام سے کیا۔ اسی طرح سند باد کی کہانی نے بھی ہندوستان میں جنم لیا تھا۔ علی جبالی نے 1026ء میں مہا بھارتا کے بعض حصوں کا ترجمہ کیا تھا۔

خلیفہ منصور کے وزیر خالد برمکی کی سرپرستی میں طب، علم الادویہ اور زہروں کے تریاق پر متعدد کتب کے تراجم عربی میں کئے گئے۔ ہندوستان کے طبی علم کا مزید فروغ اس وقت ہوا جب خلیفہ ہارون الرشید (809-786) نے حکم دیا کہ سوس راتا سام ھیتا کتاب کا ترجمہ عربی میں کیا جائے۔ پانچ سو سال تک مسلمان اور دوسری اقوام کے سکالرز ہندی کا لفظ، ریاضی کی کتابوں کے ناموں میں شامل کرتے رہے۔ وزیر اعلیٰ یحییٰ بن خالد برمکی نے ہندوستان سکالرز بھیجے تا کہ وہ ہندوستانی سکالرز، طبیبوں، فلاسفرز کو بغداد آنے کی دعوت دیں۔ عباسی خلفاء مترجمین کے انتخاب یا ان کے تقرر میں ان کے مذہب، عقیدہ، رنگ ونسل کو خاطر میں نہیں لاتے تھے۔ خلیفہ مامون الرشید کے دور حکومت میں بیت الحکمۃ میں جن کتابوں کے عربی میں تراجم کئے گئے، ان میں زیادہ تر سنسکرت کی کتابیں تھیں۔

مسلمانوں کا جن دوسری اقوام کے ساتھ رابطہ ہوا، وہ ان کے رسوم ورواج، سائنسی علوم اور مذہب کے بارہ میں زیادہ سے زیادہ جاننے کی جستجو رکھتے تھے۔ یعقوب کندی (متوفی 873ء) نے ہندوستان کے بارہ میں جو کچھ لکھا وہ ہندوستان سے لوٹ کر آنیوالے ان عالموں کے بیانات پر مبنی تھا جو وہاں ادویاء لینے کیلئے گئے تھے۔ مؤرخ علی ابن حسین مسعودی (956ء) نے خود ہندوستان کا دورہ کیا اور ہندوؤں کے عقائد، ان کی سائنس، کے بارہ لکھتے ہوئے کہا کہ رنگین اقوام میں سے یہ سب سے ذہین لوگ تھے۔ نوبختی کی کتاب الآراء والدنیا مذاہب الہند، ہندو مذہب میں پائے جانیوالے فرقوں پر سب سے پہلی کتاب تھی۔ سلیمان مرچنٹ نے 851ء کے لگ بھگ ہندوستان کا دورہ کیا اور ہندوؤں کی فلاسفی، طب، اسٹرانومی کے علوم کی بے حد تعریف کی۔ بغداد کی تعمیر، اس کے ڈیزائن میں ہندوستانی آرکیٹیکٹ اور انجینئرز بھی شامل تھے، اور شہر کو بھاگ دادا، کا نام دیا جس کے معنی ہیں خدا کا تحفہ۔

ہندوستان کے مغلیہ دور میں سائنس اور ٹیکنالوجی خاص طور پر اسٹرانومی، ایگری کلچر، انجینئرنگ، میڈیسن اور آرکیٹکچر میں جو ترقی ہوئی وہ زیادہ تر بادشاہوں، سلطانوں، امراء، شہزادوں کی مرہون منت تھی۔ کئی قسم کی ڈکشنریز اور انسائیکلوپیڈیا تالیف کئے گئے۔ ڈکشنریز کی اس لئے ضرورت تھی کیونکہ سنسکرت اور دیگر زبانوں کے درمیان نئے نئے آئیڈیاز کو پیش کیا جارہا تھا۔ مغلیہ دور حکومت کے آخری سالوں میں سائنس اور ٹیکنالوجی میں یورپین آئیڈیاز کو قبول کیا جانے لگا تھا۔

البیرونی

ابوریحان البیرونی (متوفی 1053ء) پہلا مسلمان تھا جس نے ہندو سائنسی علوم کا سنجیدگی اور گہرائی سے مطالعہ کیا تھا۔ وہ پہلا سکالر تھا جس نے ہندوستان اور ہندو سائنسی لٹریچر کا سائنسی نقطہ نظر سے مطالعہ کیا تھا۔ اس نے سنسکرت زبان سیکھی اور اس میں اتنا عبور حاصل کیا کہ وہ سنسکرت میں یا سنسکرت سے ترجمہ آسانی سے کرسکتا تھا۔ ہندو سکالرز اس کے علم ودانش سے اس قدر متاثر تھے کہ انہوں نے اس کو ودیا ساگر کا خطاب دیا تھا۔ دسویں صدی تک تاریخ سے مراد سیاسی اور ملٹری ہسٹری ہوتی تھی، لیکن بیرونی کے یہاں ایسا نہ تھا۔ کتاب فی تحقیق ما للہند میں اس نے ہندوستان کی ثقافتی، معاشرتی، اور مذہبی تاریخ کو غیر جانبدارانہ رنگ میں پیش کیا تھا۔ محمود غزنوی کے ہندوستان پر بار بار حملوں کی وجہ سے ہندو سکالرز افتادہ علاقوں میں آباد ہوگئے تھے۔ چنانچہ ایسے مشتعل ماحول میں بیرونی نے سائنسی معروضیت کو اپنا مطمح نظر بنائے رکھا۔ اس نے کسی تعصب کے بغیر ہندوؤں کے مذہبی عقائد کو بیان کیا اور ہر قسم کے مجادلانہ رویہ سے اجتناب برتا۔

بیرونی کا ہندو سائنسی علوم کا مطالعہ تقابلی تھا یعنی اس نے یونانی اور ہندی تہذیبوں میں مماثلت تلاش کی تھی۔ اس تقابلی مطالعہ نے اس کو یہ لکھنے پر مجبور کردیا کہ ہندوؤں کی سائنسی تھیوریز منطق سے عاری تھیں، وہ پراگندگی کا شکار تھیں، اور عوام کے احمقانہ خیالات میں گڈمڈ ہوچکی تھیں۔ (کتاب الہند)۔ بیرونی کے نزدیک ہندو مذہب کا نچوڑ وحدانیت تھا اور بتوں کی پوجا جاہل عوام کا ہوائے نفس تھا۔ بیرونی پہلا عالم بے بدل تھا جس نے بھگوت گیتا کو اسلامی دنیا میں متعارف کیا، اس نے پرانا ز کا مطالعہ کیا، نیز پاتانجلی اور سمخیا کا ترجمہ عربی میں کیا۔ بڑی تفصیل کیساتھ اس نے ہندو علم ہیئت، جغرافیہ، ریاضی اور ہندو طب کے اصول قلم بند کئے۔ سنسکرت کی کتاب باتاکال کا بھی ترجمہ کر کے اس کو باتانجل کا نام دیا۔ ہندو فضلا نے اعداد، ادوار اور تواریخ کے بارہ میں جو کچھ لکھا تھا وہ نہایت دیانت داری کے ساتھ باتانجل میں دیا گیا تھا۔ کتاب مذکور سے اس نے اپنی تالیف کردہ 1500 صفحات پر مشتمل ریاضی، جیومیٹری اور ہیئت کی شاہکار کتاب قانون المسعودی کیلئے سیر حاصل مواد حاصل کیا تھا۔

دہلی کے سلطان

سلطان جلال الدین خلجی (متوفی 1296ء) دہلی کا پہلا مسلمان حکمران تھا جس نے ہندو سائنسی علوم اور سنسکرت کی کتابوں کے بارہ میں دانش جستجو کا اظہار کیا تھا۔ سلطان محمد بن تغلق (متوفی 1351ء) منطق، یونانی فلسفہ، ریاضی، ہیئت اور فزیکل سائنسز کا مسلمہ عالم فاضل تھا۔ اس کو طب میں مہارت حاصل تھی نیز علم کلام میں یکتائے روزگار تھا۔ وہ اچھا خوش نویس تھا۔ وہ ہندو یوگیوں کی مصاحبت پسند کرتا اور جین مذہب کے لیڈروں کی سرپرستی کرتا تھا۔ تغلق کے عہد حکومت کا سب سے عظیم ادبی کارنامہ سنسکرت سے فارسی میں 52 کہانیوں کا ترجمہ تھا جس کو طوطی نامہ کا نام دیا گیا تھا۔

دہلی کے سلطان میکانیاتی مشینوں میں دلچسپی رکھتے تھے جیسے چرخی اور بیل پایہ .Pulleys & piers۔ کتاب صراط فیروز شاہی میں ایسے 13 میکانیاتی آلات کا ذکر ہے جو بھاری پتھروں اور تعمیراتی ساز وسامان کو ٹرانسپورٹ کرنے کیلئے استعمال کئے گئے تھے۔ مذکورہ کتاب 1370ء میں لکھی گئی تھی اور اس کا ایک قلمی نسخہ بانکی پور لائبریری میں موجود ہے۔ سلطان ناصر شاہ (1500 تا 1511ء) کے دور حکومت میں ایک عالم محمد ابن داؤد نے عربی سے فارسی میں بہت ساری کتابوں کے تراجم کئے، جو کہ اس وقت سرکاری زبان تھی۔ سلطان فیروز شاہ تغلق (1388ء) نے لاکھوں روپے علماء اور اوقاف کے کاموں کیلئے وقف کئے تھے۔ تعلیم کو فروغ دینے کیلئے بے شمار سکول کھولے گئے۔ غریبوں کے علاج کیلئے ہسپتال کھولے گئے، اور اطباء کو یونانی ادویہ کے استعمال اور بنانے کیلئے مدد فراہم کی۔ سنسکرت سے طب کی کتابوں کے تراجم کیلئے عالم مقرر کئے گئے۔ ہندو علم ہیئت اور علم نجوم پر ایک کتاب کا ترجمہ فارسی میں کیا گیا جس کا نام

دلائل فیروز شاہی رکھا گیا۔ سنسکرت کتابوں کے تراجم کا اصل کام کشمیر کے سلطان زین العابدین (1420 تا 1470ء) کے دور میں شروع ہوا تھا جب مہا بھارتا اور راجا تران جینی کو کشمیری زبان میں ڈھالا گیا۔ سلطان کے شاہی دربار میں ایک ہندو طبیب شری بھٹ بھی تھا جس کو طب کی تمام شاخوں پر دسترس حاصل تھی۔ سیاسی امور میں بھی وہ سلطان کا مشیر تھا۔

جلال الدین اکبر کا شوق تحقیق

مغل بادشاہوں (1526ء تا 1858ء) نے علم ہیئت کے فروغ میں خاص دلچسپی لی تھی۔ وہ اپنے درباروں میں ہیئت دانوں کی سرپرستی کرتے تھے۔ چنانچہ اس سرپرستی کے نتیجہ میں کیلنڈروں کے علاوہ نئی نئی زیجیں تیار کی گئیں۔ کئی قسم کی کتابیں غیر مما لک سے ہندوستان لائی گئیں جیسے بہاؤالدین عاملی کی خلاصۃ الحساب، اور علامہ نصیر الدین طوسی کی تحریر اقلیدسی ایسی کتابوں پر شرحیں لکھی گئیں، نیز ان کے تراجم بھی کئے گئے۔ ریاضی میں ہندوستانی علوم کے عربی اور فارسی علوم کے ساتھ ملاپ کے نتیجہ میں ہندوستان کی علمی فضا کو جلا ملی۔ بادشاہ نصیر الدین ہمایوں (متوفی 1556ء) نے دہلی میں اپنے استعمال کیلئے رصدگاہ تعمیر کروائی، جبکہ جہانگیر اور شاہ جہاں بھی رصد گاہیں بنوانا چاہتے تھے مگر بوجوہ ایسا نہ کر سکے۔ ہمایوں کا درباری ہیئت دان ملا چاند تھا جس نے زیج الوغ بیگ کا خلاصہ تیار کر کے اس کو تاشیل ملا چاند کا نام دیا تھا۔

ہندو علوم کی معاونت جلال الدین اکبر (1605ء) کے دربار میں اپنے عروج کو پہنچ گئی۔ شہنشاہ کے دربار میں بعض ہندو سکالر فارسی اور سنسکرت میں دونوں زبانوں میں کتابیں لکھنے پر قدرت رکھتے تھے جیسے راجہ مانو ہرداس، اور راجہ ٹوڈرمل (1589ء) جس نے بھگوت گیتا کا ترجمہ فارسی میں کیا تھا۔ اکبر کے یہاں رفیع الشان کتابوں کے مسودات کا خزانہ تھا، جن پر ماہر کاریگروں نے نقش گری کا کام کیا ہوا تھا۔ لائبریری میں اگرچہ صرف 24000 بیش قیمت مسودات تھے لیکن ان کی قیمت چار ملین ڈالر تھی۔ وہ شاعروں اور عالموں کی پشت پناہی کیا کرتا تھا۔ مہا بھارتا کا فارسی ترجمہ اس نے اپنی نگرانی میں کروایا تھا۔ ابو الفضل مہا بھارتا کے فارسی ترجمہ کے پیش لفظ میں لکھتا ہے:۔

''اکبر نے ایک ایسی پالیسی کا آغاز کیا جس کے مطابق اس کے عہد میں اندھی تقلید کے ستون گر گئے اور مذہبی امور میں تحقیق اور جستجو کا نیا دور شروع ہوا'' اکبر نے 1578ء میں ابوالفضل کو حکم دیا کہ وہ بائیبل کا ترجمہ کرے۔ اگرچہ اس ترجمہ کا کوئی نسخہ بچ نہیں سکا، لیکن ایسا لگتا ہے کہ یہ ترجمہ کیتھولک پادریوں کے تعاون سے کیا گیا تھا۔ اکبر کے حکم پر ہی عبد القادر بدایونی نے 1585ء میں رامایانا کا ترجمہ شروع کیا اور اس کو 1590ء میں پایہ تکمیل تک پہنچایا تھا۔ مہا بھارتا کا ضمیمہ ہری وشا پرانا کا ترجمہ ممتاز فارسی شاعر ملا شیری نے کیا تھا۔

فتح پور سیکری میں ترجمہ کے دفتر کا نام مکتب خانہ تھا جس کے اراکین ممتاز اہل قلم تھے جیسے فیضی، ابوالفضل، نقیب خاں، بدایونی، اور فتح اللہ شیرازی۔ مکتب خانہ میں سنسکرت کے سکالرز اصل عبارت فارسی کے سکالرز کو سمجھاتے تھے، جس کا ترجمہ وہ ادبی زبان میں کرتے تھے۔ سنسکرت کی ایسی تمام کتابیں جن کے تراجم جلال الدین اکبر کے دور میں کئے گئے، تصاویر کے ذریعہ ان کی وضاحت شاہی دربار کے مصور کرتے تھے۔ چنانچہ رامایانا کی ایک باتصویر کتاب فریر گیلری، واشنگٹن میں موجود ہے۔

بعض مسلمان شرفاء جیسے عبد الرحیم خان خاناں، ابوالفضل، فیضی، سنسکرت جانتے تھے اور انہوں نے سنسکرت کی کتابوں کے تراجم کئے تھے۔ شہنشاہ اکبر نے 1584ء میں ملا عبد القادر بدایونی کو حکم دیا کہ وہ سنگھاشن بائیسی کا ترجمہ فارسی میں کرے، جس میں بکرم جیت اور 32 بتوں کی کہانیاں دی گئیں تھیں۔ سنسکرت کے عالم فاضل کو حکم دیا گیا کہ وہ بدایونی کیلئے سنسکرت کے متن کی وضاحت کرتا جائے، چنانچہ فارسی ترجمہ مکمل ہونے پر اس کو نامہ خرد کا نام دیا گیا۔ اگلے سال اکبر نے ابوالفضل کو حکم دیا کہ وہ موسیٰ دمیری کی عربی میں کتاب حیات الحیوان کا ترجمہ فارسی میں کرے۔ تاج المعالی نے سنسکرت کی ایک کتاب کا ترجمہ کیا اور اس کا نام مفرح القلوب رکھا۔ اس ترجمہ کا ایک نسخہ انڈیا آفس لائبریری لندن میں محفوظ ہے۔ فادر مان سیرات نے شہنشاہ اکبر کو اٹلس پیش کی جو گوا کے آرک بشپ نے بھجوائی تھی۔ فادر مان سیرات نے اپنے سفرنامہ میں لکھا تھا کہ اس نے بادشاہ اکبر کو نئی مشینیں بنانے کیلئے کاریگروں کو ہدایات دیتے ہوئے دیکھا تھا۔

شیخ ابوالفیض ابن مبارک، (متوفی 1595ء) قلمی نام فیضی، اکبر کا درباری شاعر تھا۔ اکبر کے حکم پر فیضی نے بھسکر اچاریہ (متوفی 1160ء) کی سنسکرت میں کتاب لیلی وتی کا فارسی میں ترجمہ 1587ء میں کیا تھا۔ یہ ترجمہ اس قدر مقبول عام ہوا کہ عطاء اللہ راشدی نے بھسکر اچاریہ کی ریاضی اور الجبرا پر دیگر کتابوں کے تراجم کئے۔ فیضی نے 100، کے قریب کتابیں قلم بند کی تھیں۔ اس نے یونانی زبان سے بعض ریاضی کے مسائل کا بھی ترجمہ کیا تھا۔

ابوالفضل علامہ ابن مبارک (متوفی 1602ء) نے آئین اکبری شہنشاہ اکبر کے دور حکومت پر لکھی تھی، اس میں سینٹرل ایشین اسٹرانومی پر بھی اظہار خیال کیا گیا تھا۔ ابوالفضل کی شاہکار کتاب اکبر نامہ تین جلدوں میں تھی۔ اس نے بائیبل کا فارسی میں ترجمہ بھی کیا تھا۔ بعد میں آنیوالے اہل قلم نے اس کے سٹائل اور طرز تحریر کی نقل کرنے کی کوشش کی تھی۔ زیج الوغ بیگ کا ترجمہ سنسکرت میں Ulakabegijica کے نام سے شائع ہوا تھا۔

اسٹرانومی

نامور ہیئت دان، سائنسدان، ریاضی دان، مہندس، فتح اللہ شیرازی جس کے آباؤ اجداد کا تعلق ایران سے تھا، اس نے اکبر کے دور حکومت میں شمسی کیلنڈر تیار کیا جس کا نام الٰہی کیلنڈر تھا۔ ہر مہینہ میں 29 سے 32 دن تھے۔ سال ہفتے نہیں تھے۔ ہر سال 365 دن کا تھا۔ شیرازی زبردست موجد بھی تھا۔ اس نے ملٹری کے استعمال کیلئے ایک بندوق بنائی جس میں متعدد گن بیرلز تھے۔ یہ ایک قسم کی ہاتھ میں سمانے والی توپ تھی جس کے ذریعہ دشمن کے سپاہیوں کو موت کی گھاٹ اتارا جا سکتا تھا۔ اس نے ایک اور توپ سے منسلک مشین بنائی جو ایک وقت میں سولہ گن بیرلز صاف کر سکتی تھی، اس کو چلانے کیلئے گائے کی ضرورت ہوتی تھی۔ ان ایجادات کی تصاویر انٹرنیٹ پر دیکھی جا سکتی ہیں۔ ایک آئینہ بنایا جس میں دور کے چہرے نظر آتے تھے۔ ایک پن چکی بنائی، نیز مکئی پیسنے کیلئے چکی بنائی۔

سنسکرت سے فارسی میں تراجم کا علمی کام، نیز ایسے ہندو عالم جو قانون، سائنس، اور لغت پر کتابوں کے ذریعہ اپنی علمیت کا ثبوت دے چکے تھے، ان کی سرپرستی کا کام نور الدین سلیم جہانگیر (متوفی 1627ء) کے عہد حکومت میں بھی جاری رہا۔ جہانگیر خود اچھا قلمکار تھا جس کو فطرت سے نہایت رغبت تھی۔ اس نے ہندوستان کے مختلف علاقوں کے درختوں، پھلوں، پھولوں، نباتات کا مطالعہ کر کے کتاب لکھی۔ وہ نہ صرف فطرتاً متجسس بلکہ مختلف انواع کا باریک بینی سے مشاہدہ کرنے والا انسان تھا۔ اس کے مشاہدات تزک جہانگیری میں پائے جاتے ہیں۔

شاہ جہاں کے درباری ہیئت دان فرید الدین منجم نے زیج شاہ جہانی تالیف کی تھی۔ زیج کا پہلا حصہ کیلنڈروں، دوسرا کروی علم ہیئت، تیسرا سیاروں کی حرکت اور ان کی آسمان پر پوزیشن کے متعلق تھا۔ وزیر آصف خاں کے حکم پر ہندو سکالر نتیا نندا نے زیج کا ترجمہ سنسکرت میں سدھانتا سدھو کے نام سے 1635ء میں مکمل کیا تھا۔ زیج کے مسودہ کا ایک نسخہ جس کے اوپر شاہ جہاں کی شاہی مہر ثبت ہے، جے پور میوزیم میں محفوظ ہے۔ سنسکرت کا ترجمہ جہازی سائز کے 440 صفحات پر مشتمل ہے جس کو شمالی ہندوستان کے اشرافیہ میں تقسیم کیا گیا تھا۔ جے پور کے شاہی محل میں چار نسخے ہیں۔ اسلامی علم ہیئت اور ہندو علم ہیئت میں فرق بیان کرتے ہوئے، نتیا نندا نے ہندو اسٹرانومرز کے فائدہ کیلئے عربی اور فارسی کی تکنیکی اصطلاحوں کی وضاحت کر دی تھی۔ ترجمہ کے دوران اس نے نئی نئی اصطلاحات کو بھی متعارف کیا، جن کو بعد میں فلپ ڈی ہائر کے اسٹرانومیکل ٹیبلز کے ترجمہ میں استعمال کیا گیا تھا۔

مالا جیت، شاہ جہاں کے شاہی دربار میں ہیئت دان تھا۔ اس نے پارسی پرا کا سانام کی کتاب لکھی جس میں عربی، فارسی اور ان کے متبادل الفاظ سنسکرت میں دئے گئے تھے۔ دو ہندو سکالرز نتیا ناد، اور مانی سورا، نے عربی، فارسی اور یونانی کی کتابوں کے مطالعہ کے بعد اسلامی فلکیات کو ہندوستانی فلکیات کے ساتھ متزوج کرنے کی کوشش کی تھی۔ ملا محمود جونپوری مسلمہ ریاضی دان اور ہیئت دان تھا۔ اس کی دو کتابوں شمس بازغہ اور شمس بالغہ میں ہیئت کے نمایاں خدوخال کو پیش کیا گیا تھا۔ شہنشاہ شاہ جہاں ملا جونپوری کیلئے رصدگاہ تعمیر کروانا چاہتا تھا مگر دیگر اہم مالیاتی منصوبوں کے پیش نظر ایسا نہ کر سکا۔

مہاراجہ جے سنگھ

مہاراجہ جے سنگھ (متوفی 1743ء) اعلیٰ درجے کا ماہر فلکیات تھا۔ مہاراجہ عربی اور فارسی نیز زیج الوغ بیگ سے شناسا تھا۔ اس نے یونانی کی ریاضی پر کتابوں کے سنسکرت میں تراجم کے علاوہ یورپ کی فلکیات، لاگ رتھم پر جدید کتابوں کے تراجم کروانے کا بندوبست کیا تھا۔ ہندوستان میں جو زیج اس وقت زیر استعمال تھی، اس میں اس نے نقص پایا تو نئی زیج بنانے کا منصوبہ تیار کر لیا۔ پہلے تو اس نے دھات کے آلات بنوائے مگر جب ان کو بھی مناسب نہ سمجھا تو اس نے دہلی میں پتھر کے آلات تعمیر کروائے۔ دہلی کی رصدگاہ میں جو مشاہدات کئے گئے ان کی تصدیق کرنے کیلئے اس نے جے پور، ماتھورا، بنارس، اجین میں نئی رصدگاہیں تعمیر کروائیں۔ ان پانچ رصدگاہوں میں یورپین، ہندو اور مسلمان ماہرین فلکیات تحقیق و مشاہدات فلکی کا کام کرتے تھے۔ ان کی کوششوں سے زیج جدید محمد شاہی تیار ہوئی تھی۔ اس زیج میں جدید یورپین علم ہیئت پر لکھی جانیوالی کتابوں سے استفادہ کیا گیا تھا، کیونکہ اس زیج کی بنیاد فلپ ڈی ہائر کے اسٹرانومیکل ٹیبلز تھے۔ زیج جدید کے پہلا حصہ کیلنڈروں پر ہے، دوسرا اجرام سماوی پر اور تیسرا آفتاب، ماہتاب اور باقی سیاروں کی حرکات، چاند گرہن، سورج گرہن اور نئے چاند کے طلوع ہونے پر ہے۔

مہاراجہ نے سکاٹ لینڈ کے ریاضی دان جان نیپئر Napier کی کتابوں کے تراجم کئے۔ کہا جاتا

ہے کہ مہاراجہ نے ٹیلی سکوپ بھی استعمال کی تھی جو فادر بانڈ ئیر Father Bandier جے پور کی وزٹ کے دوران لے کر آیا تھا۔ مہاراجہ نے زہرہ اور عطارد کے جو مشاہدات کئے، نیز زحل کے چھلے دیکھے اور سورج پر دھبوں کا مشاہدہ کیا، یہ سب شواہد اس بات پر دلیل ہیں کہ اس نے ٹیلی سکوپ استعمال کی تھی۔ سولہویں اور سترھویں صدی میں ہندوستانی اور اسلامی علم ہیئت میں تالیف کا جو کام ہوا، اس کے نتیجہ میں اسلامی مشاہداتی طریقوں اور آلات کو ہندو کمپوٹیشنل ٹیکنیک کے ساتھ ملا دیا گیا تھا۔ ہندو اور مسلمان ہیئت دان آبزرویشنل اسٹرانومی میں برابر تعاون و ترقی کرتے رہے اور دونوں کی کوششوں سے ایک سو کے قریب زیجیں ہندوستان میں تیار کی گئی تھیں۔

مہاراجہ کے براہمن اتالیق سمرات جگن ناتھ نے علامہ نصیر الدین طوسی کی کتاب تحریر المجسطی کا سنسکرت میں ترجمہ سمرات سدھانتا کے عنوان سے کیا۔ اس نے علامہ طوسی کی کتاب اصول الہندسہ جو اقلیدس کی مبادیات پر مبنی تھی، اس کا سنسکرت میں ترجمہ کیا تھا۔ نیان سوک ہو پادھایا نے طوسی کی تحریر الاکار کا سنسکرت میں ترجمہ اکارہ کے نام سے کیا جو جے پور میوزیم لائبریری میں موجود ہے۔ یانترا پراکارا، راجہ جایا سمہا نے 1729ء میں دہلی میں تالیف کی جس کی بنیاد تحریر المجسطی تھی۔ اس کا ترجمہ جگن ناتھ نے کیا تھا۔ جے پور کی محل لائبریری میں فلکیات پر 275 کے قریب مسودات سے پتہ چلتا ہے کہ راجہ جایا سمہا نے عملی علم ہیئت اور یورپین تھیوریز پر فلکیاتی فینامنا کے کیلکولیشنز کیلئے انحصار کیا تھا۔ سرح تجکرہ ویر جندی Sarahtajgkira Virgandi طوسی کی کتاب تذکرہ کے مقالہ دوم، باب گیارہ کی شرح جو برجندی نے لکھی تھی اس کا سنسکرت میں ترجمہ تھا نیان سوکھو پادھیا نے محمد عابیدہ کے تعاون سے 1729ء میں مکمل کیا تھا۔ ان تراجم سے معلوم ہوتا کہ طوسی اور ایرانی ریاضی دان بہاؤالدین عاملی (متوفی 1621ء) کی تصنیفات ہندوستان میں مقبول عام تھیں۔

یہاں ان فارسی، عربی زیجوں کی فہرست دی جاتی ہے جن کے تراجم سنسکرت میں کئے گئے اور جے پور کی لائبریری میں محفوظ ہیں۔ بست در باب اصطرلاب، کتاب الاکار (یونانی سے ترجمہ نویں صدی میں قسطا بن لوقا نے کیا تھا)، رسالہ در ہئیہ، شرح تذکرہ طوسی، تحریر المجسطی، تحریر حساب اصول الہندسہ، تحریر الاکار، زیج جدید الوغ بیگ، زیج خاقانی، زیج شاہ جہانی۔ زیج بہادر خانی (1846ء) کا مصنف غلام حسین جونپوری تھا جس کی اساس اس کے اپنے مشاہدات فلکی تھے۔ کتاب میں ریاضی، علم المثلثات، اور علم ہیئت پر مضامین شامل تھے۔

ٹیکنالوجی

شہنشاہ اکبر کے دربار میں فتح اللہ شیرازی، عبقری سائنسدان اور مکینیکل انجینئر تھا، جس نے والی گن کے نام سے ہتھیار بنایا۔ علی کشمیری ابن لقمان نے 1590ء میں گلوب بنایا جو بے شکن seamless تھا، اس آلے کا بنایا جانا میٹالرجی میں ایک زبردست کارنامہ تھا۔ 1980ء تک ماڈرن میٹالرجسٹ خیال کرتے تھے کہ ایسا گلوب بنانا ممکن نہیں تھا۔ محمد صالح آف ٹھٹھہ (سندھ) نے اس قسم کے فارسی اور عربی کی عبارتوں سے مزین مزید گلوب بنائے جن کیلئے lost wax casting method طریقہ استعمال کیا گیا تھا۔ یہ طریقہ بھی میٹالرجی میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا تھا۔ مغلیہ سلطنت کے ان میٹالرجسٹوں نے گلوب بنانے کے دوران wax casting کا نیا طریقہ وضع کیا تھا۔

سائنسی آلات

عہد وسطیٰ کا کمپیوٹر یعنی اصطرلاب فلکیاتی مشاہدات کیلئے استعمال کیا جاتا تھا، اس پر مزید تحقیق اور سنوارنے کا کام ہندوستان میں اس دور میں کیا گیا۔ شہنشاہ ہمایوں نے اصطرلاب بنانے میں ذاتی دلچسپی لی تھی۔ اس کے دربار میں اللہ داد لاہوری، اصطرلاب بنانے میں یکتائے روزگار تھا۔ اس کے بیٹوں اور پوتوں نے بھی اس کام کو جاری رکھا تھا۔ اس دور میں لاہور سائنسی آلات بنانے کا مرکز تھا۔ مہاراجہ جے سنگھ نے کئی قسم کے اصطرلاب اینٹوں سے تعمیر کروائے جیسے سمرات یانترا، جے پراکاش، رام یانترا، مسرا یانترا۔ یہ آلات ابھی تک دہلی کی جنتر منتر رصدگاہ میں موجود ہیں۔

http://wikimapia.org/4461262/Jai-Prakash-Yantra جے پراکاش سے کسی فلکی کرے کا ارتفاع اور سمت azimuth & altitude معلوم کیا جا سکتا نیز کسی بھی جگہ پر وقت کا تعین بھی کیا جا سکتا ہے۔ راقم مضمون نے جنتر منتر کی سیر مارچ 2009ء میں کی تھی۔

آج سے دس سال قبل راقم السطور نے شکاگو (امریکہ) میں ایڈلر میوزیم کو وزٹ کیا تھا جو مشی گن جھیل کنارے پر واقع ہے۔ میوزیم کے اسٹرانومی کے حصہ میں 31، اصطرلاب نمائش کیلئے رکھے ہوئے تھے۔ دیوار پر اسلامی دنیا کا دیدہ زیب نقشہ تھا۔ اس کے ساتھ مسلمان ہیئت دانوں کی فہرست تھی جس میں علامہ نصیر الدین طوسی کا نام پہلے نمبر پر تھا۔ یہاں انسان تجربات بھی کر سکتا تھا جیسے اصطرلاب کے ذریعہ مکہ مکرمہ کی سمت تلاش کرنا۔ میں نے الاذادہ alidade کے استعمال سے آسمان پر ستارہ تلاش کیا تھا۔ ایک اصطرلاب کے اوپر کندہ تھا: عمل ضیاء الدین محمد ابن ملا ہمایوں اصطرلابی لاہوری 1057ء ہجری (1647 عیسوی)

مغلیہ عہد کی رصدگاہوں میں تمام آلات اور مشاہدات فلکی کے طریقے، ان کا ماخذ اسلامی روایت تھا، جبکہ حسابی طریقے ہندو روایت سے لئے گئے تھے۔ جیسا کہ اس سے قبل ذکر کیا آلات رصد میں سے اہم آلہ بے جوڑ کے بنا گلوب تھا۔ ہسپانوی ہیئت دان اور آلات بنانے میں ماہر ابراہیم زرقلی کے یونیورسل اسٹرولیب صحیفہ کا ترجمہ سنسکرت میں جرکلی یانترا کے عنوان سے کیا گیا۔ یہ ترجمہ 1730 میں منظر عام پر آنے والی جگن ناتھ کی کتاب سدھانتا کوسٹوبیا میں شامل تھا۔

ریاضی

سائنسی علوم پر سنسکرت میں لٹریچر کا ترجمہ ہندوستان کے اسلامی دور میں کیا گیا اور بعض صورتوں میں مسلمانوں نے نہایت مفید اور وقیع کتابیں لکھی تھیں۔ اقلیدس کی شہرہ آفاق کتاب مبادیات کا عربی میں ترجمہ علامہ طوسی نے کیا تھا، جبکہ 1311ء میں قطب الدین شیرازی نے اس کا فارسی میں کیا تھا۔ ان تراجم کو مدنظر رکھتے ہوئے عبد الحمید محرر غزنوی نے کتاب دستور الباب فی علم الحساب، 26 سال کی محنت شاقہ کے بعد زیب قرطاس کی تھی۔ پنجاب کا ایک علمی خاندان جس نے ریاضی میں اہم کارنامے سرانجام دیئے اس میں سے ایک استاد احمد لاہوری معمار (1649ء) تھا جس نے تاج محل اور لال قلعہ تعمیر کیا تھا۔ اس کے ایک فرزند ارجمند عطاء اللہ راشدی نے بج گنیتا کا ترجمہ کیا جس میں شاہ جہاں (1658ء) کے عہد حکومت کے حالات قلم بند کئے گئے تھے۔ اس کی کتاب خزینۃ الاعداد میں حساب، الجبرا، اور مساحت کے مسائل پر روشنی ڈالی گئی تھی۔ ایک اور بیٹے لطف اللہ مہندس نے رسالہ خواص الاعداد تصنیف کی جس میں اعداد کے خواص بیان کئے گئے تھے۔ وہ شرح خلاصۃ الحساب کا مصنف بھی تھا جبکہ منتخبات، ایرانی ریاضی دان عاملی کی کتاب خلاصۃ الحساب کا ترجمہ تھا۔

استاد احمد کا پوتا، عماد الدین ریاضی بھی ہفت رنگی سائنسدان تھا۔ اس نے بہاؤالدین عاملی کی کتاب خلاصۃ الحساب کی شرح لکھی جس کا عنوان حاشیہ بر شرح خلاصہ تھا۔ یہ شرح پیش لفظ، دس ابواب اور ضمیمہ پر مشتمل تھی۔ اس کے علاوہ اس نے شرح چغمانی کی شرح لکھی جس کا نام حاشیہ بر شرح چغمانی تھا۔ اس نے کروی فلکیات اور جیومٹری پر بھی ایک کتاب تالیف کی۔ موسیقی پر اس نے رسالہ در علم موسیقی لکھا جس میں فلاسفی کے گنجلک موضوعات پر بھی اظہار خیال کیا گیا تھا۔

نماز میں توجہ قائم کرنے کا طریق

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 17/اکتوبر 1997ء بمقام بیت الفضل لندن میں توجہ کو نماز میں قائم رکھنے کے سلسلہ میں فرمایا:۔

’’اگر کسی چیز کے فوائد کا علم ہو تو از خود انسان کی توجہ اس طرف مبذول ہو جایا کرتی ہے......اس ضمن میں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ نماز شروع ہوتے ہی وہ تمام باتیں جو ہم نماز میں کرتے ہیں ان میں سے ہر ایک اپنی ذات میں ایک بے مثل قیمتی موتی کی طرح ہے جس کے علم کے ساتھ ہی آپ کی لازماً توجہ اس کی طرف ہو جائے گی۔......حضرت مسیح موعود نے بھی اپنی تشریحات میں ایسے قیمتی معارف کو جواہر کے طور پر پیش کیا ہے۔ موتیوں کے طور پر پیش کیا ہے۔ چمکتے ہوئے موتی ہیں جو اپنی طرف توجہ کو کھینچ رہے ہیں۔ پس اس پہلو سے جیسا کہ میں نے عرض کیا اگر آپ نماز کے الفاظ پر غور کرنا شروع کریں تو غور کے بعد وہ الفاظ جو سرسری الفاظ تھے جیسے کنکر پتھر ہوں۔ ان الفاظ کی ہیئت بدلنے لگے گی۔ ان پر غور کے نتیجہ میں آپ کو حیرت انگیز معارف نصیب ہوں گے اور وہ معارف ان کی اہمیت آپ کے دل میں بڑھائیں گے۔ یہاں تک کہ جب ان معارف کو ذہن نشین کر کے آپ پھر وہ الفاظ دہرایا کریں گے تو اس کے مقابل پر دوسرے خیالات آپ کی توجہ پھیرنے کی اہلیت چھوڑ دیں گے۔ ان میں طاقت ہی نہیں ہوگی کہ ان معارف کے مقابل پر آپ کی توجہ اپنی طرف کھینچ سکیں‘‘۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ 17/اکتوبر 1997ء۔ روزنامہ الفضل 10/اگست 1998ء)

ایسا لگتا ہے کہ ریاضی کا فائدہ نہ صرف مالیات اور محصول وصول کرنے سے تھا بلکہ اس سے فلکیات اور تعمیراتی کاموں میں بھی فائدہ اٹھایا جاتا تھا۔ اس ضمن میں متعدد فارسی اور عربی کتابوں کے تراجم سنسکرت میں کئے گئے۔ مہاراجہ جے سنگھ نے علم مثلثات میں اہم اضافے کئے جیسے ایک ڈگری کا سائن معلوم کرنا اور اس کے اجزاء یعنی منٹ اور سیکنڈ۔ ابوالخیر خیر اللہ، استاد احمد لاہوری کا پوتا تھا جس نے زیج محمد شاہی کی شرح لکھی، مجسطی کا نہ صرف ترجمہ کیا بلکہ اس کی بھی شرح لکھی۔ 1781ء میں اس کو دہلی کی رصدگاہ کا ڈائریکٹر مقرر کیا گیا تھا۔ اس کی دیگر تصنیفات یہ ہیں: مجموعہ المدخل فی النجوم، مجموعہ الثبوت القدسیہ۔ خواجہ عظیم آبادی نے حساب، جیومیٹری، فلکیات پر کتاب خزینۃ العلم لکھی جس میں انگلش سائنسی اصطلاحات فارسی متبادل لفظوں کے ہمراہ دی گئیں تھیں۔ فخر الدین بہادر کی دو کتابیں رسالہ در بیان علم القطع اور شمس الہندسہ بھی مساحت، جیومیٹری اور علم المثلثات پر تھیں۔

مکرم عطاء الرؤف سلمان صاحب

ہنگری مشن کی ابتداء کیسے ہوئی

خدائی وعدوں اور ایک پُرعزم نوجوان کی کہانی

ٹرین رات دس بجے بوڈاپسٹ (ہنگری کے دارالحکومت) میں داخل ہوئی یہ فروری 1936ء کی ایک تاریک رات تھی۔ کڑاکے دار سردی پڑ رہی تھی۔ کاروبار زندگی منجمد ہوچکے تھے۔ چرند پرند بھی اپنے آشیانوں میں پناہ گزین ہوچکے تھے۔ سٹیشن پر بھی ہو کا عالم تھا اکا دکا قلی کے علاوہ کوئی ذی روح دکھائی نہ دیتا تھا۔

مسافر ٹرین سے اتر کر اپنا اپنا راستہ ماپنے لگے۔ سب سے آخر میں ایک 27 سالہ خوبرو اور وجیہہ ہندوستانی نوجوان، ململ کا کرتہ، سر پر پگڑی باندھے ایک ہاتھ میں ٹرنک اور ایک ہاتھ میں بستر دبائے اترا۔ ململ کا کرتہ سردی روکنے میں یکسر ناکام ہوچکا تھا۔ ٹھٹھرتے ہوئے ایک کونے میں بے یار و مددگار کھڑا، سوچوں میں گم کہ اس انجان ملک میں کوئی دوست ہے نہ کوئی رفیق، رشتہ دار ہے نہ کوئی غمگسار، آخر جاؤں تو کہاں جاؤں، کس ٹھکانے پر پناہ لوں، مگر یہ سب پریشانیاں اس کے ارادہ کے پایہ استقلال میں دراڑ نہ ڈال سکیں۔ دل میں بس ایک ہی عزم تھا کہ اس سرزمین کے باشندوں کو احمدیت کے جھنڈے تلے جمع کرنا ہے اور خلیفۃ المسیح کے خواب کو پورا کر دکھانا ہے۔

یہ نوجوان مجاہد ہنگری کیپٹن حاجی احمد خان ایاز تھے۔ آپ 1909ء میں حضرت مسیح موعود کے رفیق حضرت چودھری کرم دین صاحب آف کھاریاں کے ہاں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم کھاریاں سے ہی حاصل کی۔ پرائیویٹ ایف اے اور بی اے کا امتحان پاس کیا۔ لاء کالج دہلی سے قانون کی ڈگری لی۔ آپ کو کھاریاں کا پہلا گریجوایٹ وکیل اور کمیشنڈ آفیسر ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ آپ کے تفصیلی حالات مجاہد ہنگری نامی کتاب میں شائع ہوچکے ہیں۔

1934ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے تحریک جدید کا اجراء فرمایا۔ آپ نے فوراً اپنے آقا کی صدا پر لبیک کہتے ہوئے ابتدائی واقفین زندگی میں شامل ہونے کی سعادت حاصل کی۔ وقف کے لئے آپ نے حضور کی خدمت میں خط لکھا کہ:

''میرا نام بھی واقفین زندگی میں لکھ لیا جائے اور جس وقت اور جس خدمت کے لئے مجھے بلایا جائے گا میں انشاء اللہ جان قربان کرنے کے لئے حاضر ہوجاؤں گا''۔ (مجاہد ہنگری ص20)

ابتداءً حضور نے، مدر نیشنل لیگ کی درخواست پر، ایاز صاحب کی خدمات نیشنل لیگ کے سپرد کر دیں۔

15 جنوری 1936ء کو دنیاوی لحاظ سے معمولی مال و اسباب مگر خلیفۃ المسیح کی دعاؤں سے لیس ہنگری کو فتح کرنے کے مشن پر روانہ ہوگئے۔

ہنگری میں ورود کے ساتھ ہی، مصیبتوں اور تکالیف کا مردانہ وار مقابلہ کرتے ہوئے، اس مرد جری اللہ نے اشاعت حق کا کام شروع کر دیا۔ اس دور کو یاد کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

''خرچ ختم ہونے پر دو دن تو میں نے لنگر حضرت مسیح موعود کی ان دو روٹیوں پر گزارے جو میں تبرکاً قادیان سے لایا تھا''۔

(مجاہد ھنگری ص54)

میں نہ کسی کو اپنا حال بتانا چاہتا تھا اور نہ کسی پر بار بننا پسند کرتا۔ اس لئے میں نے دو دو، تین تین دن اپنے کمرے میں بغیر آب و دانہ گزارنے شروع کر دیئے۔ شدت بھوک کی وجہ سے نیند بھی نہ آتی تھی۔ اس لئے ہنگری کی تاریخ کا مطالعہ کرتا رہتا تھا یا روزنامچے لکھتا رہتا تھا۔ نمازوں میں بھی بہت لطف آتا تھا۔ (ایضاً ص54)

''گو بعض دفعہ بھوک مجھے ایسا ستاتی کہ بخار ہوجاتا تھا مگر مجھے تسلی ہوتی تھی کہ خدا مجھے ایسے نہیں مارے گا اور یہ امتحان ہے ورنہ بھوک کی کیا طاقت ہے کہ مجھے کمزور کر دے''۔ (ص55)

یہ سب مشکلات بھی اشاعت حق کے مقدس فریضے میں حائل نہ ہوسکیں اور خدا تعالیٰ کے حضور سچے دل سے کی گئی کوششیں مقبول ہوئیں اور غیب سے آپ کے لئے دروازے کھلتے چلے گئے۔

لکھتے ہیں:۔

انہی دنوں میں نے ہنگری کے متعلق چند مضامین لکھے جو بعد میں سلسلہ کے اخبارات (مسلم ٹائمز لندن، سن رائز لاہور اور الفضل قادیان) میں جب شائع ہوئے تو اہل ہنگری کے اخبارات نے ان کی بہت قدر و منزلت کی اور احمدیت کی اشاعت میں مجھے آسانیاں بہم پہنچائیں۔

(ص55)

ہنگری پہنچنے پر ایک نمائندہ پریس سے میری گفتگو ہوئی اور میرا یہ انٹرویو میرے فوٹو کے ساتھ بوڈاپسٹ کے نہایت مشہور روزنامہ اخبار Mayyar Orszag نے اپنے 15 مارچ 1936ء کے پرچہ میں زیریں عنوان شائع کیا کہ

''یہ ہندوستانی سارے ہنگری کو ...... بنانا چاہتا ہے''۔ (ص50)

آپ کی سعی مسلسل اور گریہ وزاری سے کی گئی دعائیں بار آور ہوئیں اور خدا تعالیٰ نے بذریعہ خواب ہنگری میں جماعت کے نفوذ کی خوشخبری دی۔ تحریر فرماتے ہیں:۔

میں نے 21,22 مارچ کو ایک خواب میں دیکھا کہ ایک نوجوان جلد ہی مع خاندان احمدی ہونے والا ہے اور یہ کہ اللہ تعالیٰ ہنگری میں قدم جما دے گا۔ (ص55)

اور جلد ہی بوڈاپسٹ یونیورسٹی میں ڈاکٹریٹ کی تعلیم پانے والا نوجوان جولیس آر سلسلہ کی کتب پڑھ کر احمدی ہوگیا اور یہ باقاعدہ طور پر ہنگری میں پہلا احمدی تھا اس کا دینی نام احمد رکھا گیا۔ یہ خدا تعالیٰ کے فضل سے پہلا جلوہ تھا۔ اب ساری راہیں کھلتی دکھائی دے رہی تھیں۔ یوں لگ رہا تھا کہ مصیبت کے دن ٹلنے والے ہیں اور رحمت کی گھڑیاں دستک دے رہی ہیں۔ خوشی کا یہ سماں بیان کرتے ہوئے آپ لکھتے ہیں۔

''اس خوشی سے کہ ایک کیتھولک عیسائی اور مخلص نوجوان میرا احمدی بھائی ہو جائے گا میں پھولا نہ سماتا تھا، تمام رات خوشی سے نیند نہ آئی، بڑے لمبے سجدے کئے، نفل ادا کئے''۔ (ص63)

یہ بارش کی پہلی بوند تھی۔ جلد ہی خدا تعالیٰ کے فضل سے خلق خدا کی بھاری اکثریت کا احمدیت کی طرف رجوع ہونا شروع ہوگیا۔

ہنگری کے انگریزی دان حلقہ کی سوسائٹی میں ہستی باری تعالیٰ کے مضمون پر کامیاب مناظرہ ہوا اور ڈاکٹر Fabrc دہریہ کو شکست ہوئی اور مسٹر سٹیفن پونگو Pongo Istvan متعلم یونیورسٹی نے اسی مجمع میں قبول حق کا اعلان کیا۔

آپ نے ہنگری کے بڑے بڑے عہدیداروں اور معززین کو دین قبول کرنے کے لئے دعوتی خطوط لکھے۔ اسی سلسلے میں ایک خط ڈاکٹر تاپائی Dr. Tapayi ایڈیٹر اخبار Pesti Naplo کو بھی لکھا جو کہ اپنی بیشمار تصانیف کی وجہ سے ہنگری کا قابل ترین دماغ مانا جاتا تھا۔ لکھتے ہیں:۔

''میرے خط کے جواب میں اس نے تین کالم کا خط اخبار میں شائع کیا۔ گو اس نے میری اور جماعت احمدیہ کی تعریف بھی کی لیکن اہل یورپ کو جس قدر (دین) پر موٹے موٹے اعتراضات ہیں وہ بھی اس نے دہرا دیئے۔ میں نے انگریزی میں تیس ورقوں کا ایک جواب الجواب تیار کیا، یہ جواب الجواب خاص کر خدا تعالیٰ کی تائید و نصرت کا ایک نشان تھا۔ میرے جیسا کم علم آدمی ایسا مضمون نہیں لکھ سکتا تھا۔ مگر قرآن کریم اور کتب سلسلہ سے بعض باتیں فوراً ملتی چلی گئیں اور بالکل غیب سے وہ جوابات میرے ذہن میں آتے گئے اور میں لکھ دیتا اور یہ جواب الجواب اس قدر مقبول ہوا کہ جو پڑھتا وہ حامی (دین) ہو جاتا اور کئی تو رانی محض اس کو پڑھ کر داخل (حق) ہوگئے۔

(یہ تمام حالات ''مجاہد ہنگری'' سے ماخوذ ہیں)

رہنما مل گیا

اک مسیحا نفس رہنما مل گیا
خرقہ پوشوں کو ظلِ ہما مل گیا

اک دعا جو سدا دل میں کرتا رہا
اس دعا کا مجھے یہ صلہ مل گیا

عجز کی راہ اس کو پسند آ گئی
یوں حقیقت میں مجھ کو خدا مل گیا

معرفت کے جو لعل و گہر سے ہوں پُر
ان خزائن کا مجھ کو پتہ مل گیا

کلفتوں سے بھرے دورِ آشوب میں
ہم کو امن وسکوں کا عبا مل گیا

جس کی اپنی ہی لذت تھی اپنا سرور
اب دعاؤں میں ایسا مزہ مل گیا

دشت پُرخار میں دہر بے آب میں
ہم کو چشمۂ آبِ صفا مل گیا

دشت و صحرا میں محمود معجز نما
ایک مہکا ہوا گل کدہ مل گیا

محمود انور

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 108168 میں

Dr Mubaraik Mahmood Chowdhiry

ولد Ch.Ijaz Ahmad قوم ...... پیشہ کاروبار عمر 40 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Bukit Timah Singapore بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 19-03-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) مکان واقع جرمنی مالیت -/Singapore Dollar 400,000 (2) زمین واقع Qadina مالیت Singapore Dollar 30,000/- Property (3) (Shared1/3) واقع London Uk مالیت...... اس وقت مجھے مبلغ 11,400/- Singapore Dollar ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Dr Mubaraik Mahmood Chowdhry گواہ شد نمبر 1 Abdul Aziz گواہ شد نمبر 2 Danish Ahmed Khan

مسل نمبر 108169 میں

Saima Chowdhry

زوجہ Dr Mubarik Chowdhry قوم...... پیشہ خانہ داری عمر 36 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Bukit Timah Singapore بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 19-03-11 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ 80/- Singapore Dollar ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Saima Chowdhry گواہ شد نمبر 1 Dr Mubarik Chowdhry گواہ شد نمبر 2 Danish Ahmed Khan

مسل نمبر 108170 میں

Babar Rashid

ولد Rashid Ahmed قوم...... پیشہ انجینئرنگ عمر 36 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Singapore بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 04-01-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) House(Inherited) واقع Iaseeb Shaheed Colony مالیت -/28,00,000 اس وقت مجھے مبلغ 6000/- Singapore Dollar ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Babar Rashid گواہ شد نمبر 1 Abdul Aziz گواہ شد نمبر 2 Danish Ahmed Khan

مسل نمبر 108171 میں

Salman Rehan

ولد Sheikh Rehan Ijaz قوم شیخ پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Maple Ontario, Canada بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 31-01-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 150/- Canadian Dollar ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Salam Rehan گواہ شد نمبر 1 Sheikh Rehan Aziz گواہ شد نمبر 2 Khan Abdul Latif

مسل نمبر 108172 میں

Abdur Rahman

ولد Emed قوم...... پیشہ کسان عمر 56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Pelawan Indonesia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 01-01-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) زمین Desa Batu Putih واقع 10,000 MSQ مالیت...... اس وقت مجھے مبلغ 30,00,000/- Indonesian Rupiah ماہوار بصورت کاروبار مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Abdur Rahman گواہ شد نمبر 1 Usep Kurnia گواہ شد نمبر 2 Rahmat Abdulloh

مسل نمبر 108173 میں

Muhammad Srivadi Sahib

ولد Ponidi قوم ...... پیشہ پرائیویٹ ملازمت عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Tanalaut South Kalimantan Indone بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 27-10-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ...... روپے ماہوار بصورت...... مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Muhammad Srivadi Sahib گواہ شد نمبر 1 Omoar گواہ شد نمبر 2 Nuryadi

مسل نمبر 108174 میں

Hanif Ahmad T

ولد Sumarno قوم ...... پیشہ طالبعلم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Desa Tenjowarington Indonesia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 13-12-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 30,000/- Indonesian Rupiah ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Hanif Ahmad T گواہ شد نمبر 1 Mubarak Ahmad گواہ شد نمبر 2 E Jamaludin

مسل نمبر 108175 میں

Siti Nurhayati

زوجہ Deden Koswara قوم ...... پیشہ غیر ہنر مند مزدوری عمر 38 سال بیعت 1987ء ساکن Mantagai Kapuas, Indonesia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 27-12-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) باغ 130 Msq واقع Nyalindung مالیت Indo Rupiah 500,000/- (2) مکان 25 Msq واقع Kampung مالیت Indo Ruoph 700,000/- (3) چاول کھیت 0.25Acre واقع Toblong مالیت...... (4) مکان 10×18M واقع Lamunti مالیت...... (5) حق مہر مالیت -/Indo Rupiah 1000۔ اس وقت مجھے مبلغ 8,00,000/- Indo Rupiah ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Siti Nurhayati گواہ شد نمبر 1 Abdul Ghafur گواہ شد نمبر 2 Alit Sulaeman

مسل نمبر 108176 میں Ahamd Firaz

ولد Bashir Uddin Mapon قوم...... پیشہ طالبعلم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Kuningan Timur South Jakarta Indonesia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 31-10-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ 10,00,000/- Indonesian Rupiah ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے العبد۔ Ahmad Firaz گواہ شد نمبر 1 Ir Bashiruddin MA Pontoh گواہ شد نمبر 2 Syamsul Ahmadi

مسل نمبر 108177 میں

Nursalim Ahmad

ولد M Tafsir Hasan قوم...... پیشہ پرائیویٹ ملازمت عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Balikpapan East Kalimantan,Indoneia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 07-09-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کردی گئی ہے (1) زمین 10×12,5M واقع Komplek مالیت...... اس وقت مجھے مبلغ 3,15,00,000/- Indo Rupiah ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Nursalim Ahmad گواہ شد نمبر 1 Rustandi Inayatullah گواہ شد نمبر 2 HAfizur Rahman

مسل نمبر 108178 میں

Mohammad Hosein

ولد May Anoellah قوم...... پیشہ پرائیویٹ ملازمت عمر 52 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن Komplek Pondok,Indonesia بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 23-07-10 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زمین 200Msq واقع Komplek مالیت...... (2) زمین 182Msq واقع Komplek Pondok مالیت...... اس وقت مجھے مبلغ 50,00,000/-Indo Rupiah ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد

یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پرداز کو کرتا رہوں گا۔اوراس پربھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے العبد۔Mohammad Hosein گواہ شد نمبر1 Auditya Mandala گواہ شدنمبر2 Gilang Nugraha

مسل نمبر 108179 میں LA Daya

ولد La Bangka قوم ...... پیشہ تجارت عمر 40 سال بیعت 2002ء ساکن Koja North Jakarta Indonesia بقائمی ہوش وحواس بلا جبرواکراہ آج بتاریخ 04-02-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پرمیری کل متروکہ جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کے 1/10حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیدادمنقولہ وغیرمنقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ 42,55,000/-Indo Rupiah ماہوار بصورت ٹریڈنگ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوارآمد کا جوبھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اوراگراس کے بعدکوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کار پردازکوکرتا رہوں گا۔اوراس پربھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظورفرمائی جاوے۔العبد۔La Daya گواہ شدنمبر1 Armadim گواہ شدنمبر2 La Iju A Mubarak

مسل نمبر 108180 میں Een

